تاریخ: 17 دسمبر 2009ء

پریس ریلیز

کراچی (نمائندہ خصوصی) ملک میں ہوشربا مہنگائی نے غریب محنت کش افراد کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے جس کی وجہ سے اُن کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے، عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل ایسے ضرورتمندوں کیلئے وقتاً فوقتاً خورد ونوش کے معاملات میں تعاون کرتا رہتا ہے۔

ان حالات میں گوشت تو کجا انکو دال سبزی بھی میسر نہیں ہے۔ غذائی اجناس نہ ملنے سے ان خاندانوں خصوصاً خواتین اور بچوں میں صحت کے مسائل پیدا ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل نے مخیّر ڈونر حضرات کی جانب سے دیے گئے صدقہ کے بکروں کے گوشت کو ایک منظّم منصوبہ بندی کے ذریعے کارڈ سسٹم کے تحت فراہم کرنا شروع کر دیا ہے۔ یہ بات عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ترجمان شکیل دہلوی نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کراچی شہر کی نواحی اور غریب آبادیوں میں ڈیڑھ ہزار خاندانوں میں 6 ماہ کیلئے گوشت کی فراہمی کیلئے کارڈ انکی دہلیز پر پہنچا دیے گئے ہیں جن کو ہر ماہ ان کارڈز کے ذریعے پانچ کلو بکرے کا گوشت دیا جا رہا ہے۔

علاوہ ازیں تقریباً دوسو اسکول اور مدارس کو ساڑھے بارہ ہزار کلوگرام، مختلف ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے ساڑھے چار ہزار کلوگرام جبکہ عالمگیر ہیلتھ کیئر ہسپتال میں زچہ بچہ میں غذائیت کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ایک ہزار کلوگرام گوشت (ماہانہ) فراہم کیا جا رہا ہے، نہ صرف گوشت بلکہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل میں روزانہ علاج کی غرض سے آنے والی خواتین اور بچوں کو روزانہ دوپہر کا کھانا بھی فراہم کیا جا رہا ہے۔ جبکہ علاج معالجہ کی دگرگوں صورتحال کی وجہ سے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے زیر انتظام چلنے والے ہسپتالوں حب ریور روڈ، تیسر ٹاؤن اور عالمگیر مسجد بہادر آباد میں روزانہ جنرل OPD میں ساڑھے سات سو مریضوں کا مکمل مفت علاج اور ادویات فراہم کی جا رہی ہیں جن پر ماہانہ ایک کروڑ روپے سے زائد کے اخراجات کیے جا رہے ہیں۔

#